بچی کا نام نعلین فاطمہ رکھنا

مجیب: مولانا عبدالرب شاکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2936

تاریخ اجراء: 29 محرم الحرام 1446ھ/05 اگست 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بچی کا نام نعلین فاطمہ رکھنا کیسا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

نعلین کا معنی ہے: ”دونوں جوتیاں، جوتوں کا جوڑا“، تو حضرتِ فاطمۃ الزھراء رضی اللہ تعالی عنھا کی طرف اس کی نسبت سے نعلین فاطمہ کا معنی ہوا "حضرتِ فاطمۃ الزھراء رضی اللہ تعالی عنھا کے نعلین (جوتے)" معنی کے لحاظ سے یہ نام رکھنا درست ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ صرف فاطمہ نام رکھ لیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کی لاڈلی شہزادی کا نام ہے اور حدیث پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے اور اس سے امید ہے کہ ان کی برکت بچی کے شامل حال رہے گی۔

مسند الفردوس میں ہے "تسموا بخیارکم "یعنی: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (مسند الفردوس، جلد02، صفحہ58، حدیث2328، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

فیروز اللغات میں ہے ”نعلین: نعل کا تثنیہ، جوڑا، دونوں جوتیاں، جوتوں کا جوڑا۔“ (فیروز اللغات، صفحہ1434، فیروز سنز، لاھور)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگانِ دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔“ (بہار شریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دیئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net